# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ حدیث وسیرت)

کورس: فقہ السنہ (4629) — سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طالب علم/طالبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس بستہ میں آپ کو مندرجہ ذیل مواد بھیجا جا رہا ہے اگر اس بستہ میں کسی چیز کی کمی ہو تو اس کی اطلاع ''شعبہ ترسیل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد'' کو دیجئے تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| -1 | کتاب برائے طلبہ | ایک عدد |
| -2 | بستہ برائے طلبہ | ایک عدد |
| -3 | خط برائے طلبہ | ایک عدد |
| -4 | امتحانی مشقیں | دو عدد |
| -5 | فارم برائے امتحانی مشقیں | دو سیٹ |
| -6 | امتحانی مشقوں کا شیڈول | ایک عدد |
| -7 | رہنمائے طلبہ عمومی | ایک عدد |

والسلام مع الاحترام

ڈاکٹر علی اصغر چشتی

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ حدیث وسیرت)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فقہ السنہ (4629) — سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1- وضو کے فرائض اور سنتوں کے بارے میں متعلقہ احادیث لکھ کر ان کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- نواقض وضو بیان کرتے ہوئے وضو کے وجوب کے مواقع بتائیے۔ نیز یہ بتائیے کہ کن مواقع پر وضو کرنا مستحب ہے؟ (20)

سوال نمبر 3- غسل کرنے کے مسنون اور مستحب مواقع کی نشاندہی کیجئے۔ نیز غسل کے فرائض اور غسل کی سنتوں سے متعلق احادیث کی روشنی میں ایک جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- نماز کی تعریف اور فضیلت پر بحث کرتے ہوئے اس حدیث کا مفہوم اپنے الفاظ میں قلمبند کیجئے جس کا تعلق فرضیت نماز سے ہے۔ (20)

سوال نمبر 5- فرض نمازوں کی تعداد پر حدیث کی روشنی میں بحث کرتے ہوئے تعین اوقات کے سلسلہ میں اس حدیث کا ترجمہ کیجئے جو اوقات نماز کے بارے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- اذان کا سبب مشروعیت بیان کرتے ہوئے اذان دینے کی ترکیب سے متعلق حدیث کا متن لکھئے اور اس کا مفہوم اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- نماز پڑھنے کے لیے جو شرائط مقرر کی گئی ہیں ان شرائط کی فہرست تیار کیجئے اور ہر ایک شرط کی وضاحت حدیث کی روشنی میں کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- امام کی شرائط، نماز میں قرأت، رفع یدین اور رکوع و سجود کے بارے میں احادیث پیش کیجئے اور اپنے الفاظ میں ان کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- جمعہ کے وجوب، جمعہ کے دن مسنون اعمال اور خطبہ کے آداب و احکام پر احادیث کی روشنی میں ایک جامع نوٹ قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- زکوٰۃ کی فضیلت و اہمیت پر بحث کرتے ہوئے زکوٰۃ کے نصاب پر احادیث کی روشنی میں ایک جامع نوٹ قلمبند کیجئے۔ (20)